# بچوں کی بائبل
## پیشکش

# انسان کی اداسی کا آغا



Edward Hughes : مصنف
Jamil Thomas : مترجم
Byron Unger; Lazarus : تمثیل کار
M. Maillot; Tammy S. : مطابقت

60 کہانیوں میں سے کہانی نمبر 2


**www.M1914.org**

***Bible for Children,*** *PO Box 3, Winnipeg, MB R3C 2G1 Canada*


لائسنس: آپ کو حق ہے کہ اس کہانی کو کاپی یا پرنٹ کرسکتے جب تک کہ آپ اس مواد کو بیچنا شروع نہ کر دیں۔


اردو	Urdu








خدا کی نافرمانی کرنے کے بعد حوا نے وہ پھل آدم کو
بھی کھانے کے لیے دیا۔ آدم کو کہنا چاہیے تھا، نہیں
! میں خدا کے حکم کی نافرمانی نہیں کروں گا۔
3


جب آدم اور حوا نے گناہ کیا۔ اُن دونوں کو معلوم ہوا کہ وہ ننگے ہیں۔ انہوں
نے انجیر کے پتوں سے لنگیاں بنایئں، اپنے آپ کو ڈھانپا اور خدا کی حضوری
سے بچنے کے لیے اپنے آپ کو درختوں میں چھپایا۔
4


شام کے ٹھنڈے وقت میں خدا باغ میں آیا۔ آدم اور حوا نے جو کچھ کیا
وہ جانتا تھا۔ آدم نے حوا کو قصوروار ٹھہرایا حوا نے سانپ کو قصوروار
ٹھہرایا خدا نے کہا، سانپ ملعون (لعنتی) ٹھہرا۔ اور عورت درد کے
ساتھ بچے جنے گی۔ "آدم، اس لیے کہ تو نے گناہ کیا، زمین
تیرے سبب سے لعنتی ہوئی وہ تیرے لیے کانٹے اور
اونٹکٹارے اگائے گی۔ تو مشقت کرے گا اور اپنے
منہ کے پسینے کی روٹی کھائے گا۔"
5



خداوند خدا نے آدم اور حوا کو شاندار باغ سے باہر
کر دیا۔ کیوں کہ انہوں نے گناہ کیا، وہ زندگی بخش
خدا سے جدا ہو گئے تھے۔ خدا نے انکو باغ سے با
ہر رکھنے کے لیے ایک شعلہ زن تلوار بنائی۔ خدا
نے آدم اور حوا کے لیے
چمڑا کہاں سے لیا؟
6


وقت پر آدم اور حوا سے ایک لڑکا پیدا ہوا۔ اُن کا پہلا بیٹا قائن ایک کسان تھا۔
ان کا دوسرا بیٹا ہابل ایک چرواہا تھا۔ ایک دن قائن اپنے کھیت کا پھل خداوند کے لیے
بطور ہدیہ لایا۔ ہابل بھی اپنی بھیڑ بکریوں اور چوپایوں میں سے سب سے اچھا حصہ
خداوند کے پاس ہدیہ کے طور پر لایا۔ اور خداوند نے ہابل اور
اس کے ہدیہ کو
منظور کیا۔
7


خدا قائن کے ہدیے سے خوش نہ تھا۔ اس سے
قائن نہایت ناراض ہوا۔ لیکن خدا نے کہا، "
اگر تو بھلا کرے تو کیا یہ مقبول نہ ہو گا؟"
8


کچھ دن بعد جب وہ کھیت میں تھے قائن نے اپنے
بھائی ہابل پر حملہ کیا اور اسے قتل کر ڈالا۔
9


خدا نے قائن سے کہا، " تیرا بھائی ہابل کہاں ہے ؟" اس نے کہا، مجھے معلوم نہیں قا
ئن نے جھوٹ بولا، " کیا میں اپنے بھائی کا محافظ ہوں؟" خدا نے قائن کو سزا دی اور
اس سے کہا کہ جب تو زمین کو جوتے گا تو وہ تجھے پیداوار
نہیں دے گی اور زمین پر تو آوارہ ہو گا۔
10


قائن خدا کی حضوری سے نکال دیا گیا۔ اس کی آدم اور حوا کی بیٹی سے شادی ہو
ئی اور اُن سے ایک خاندان بڑھا۔ جلد ہی وہ شہر جو قائن نے آباد
کیا تھا اس کے بچوں اور ان کی اولاد نے بھر دیا۔
11


اسی دوران، آدم اور حوا کا خاندان تیزی سے بڑھا۔ اُن دنوں
میں، آجکل کے مقابلے میں لوگوں کی زیادہ عمریں ہوتی تھیں۔
12


جب حوا کا بیٹا سیت پیدا ہوا تو اُس نے کہا کہ خدا نے مجھے ہابل کے عو
ض سیت دیا ہے۔ سیت خدا سے ڈرنے والا انسان تھا اور اُس کی کل
عمر 912 برس اور اس سے بہت سے بیٹے اور بیٹیاں پیدا ہوئیں۔
13


جیسے جیسے ایک نسل سے دوسری نسل بڑھنے لگی، دنیا میں لوگ اور بھی
ظالم ہونے لگے۔ آخر کار خدا نے فصیلہ کیا کہ تمام بشر کا خا
تمہ کر دے تمام جانداروں اور پرندوں۔ اور انسان کے
خلق کرنے پر خدا غمگیں ہوا۔
لیکن
ایک شخص سے وہ
خوش اور راضی تھا۔
14



یہ شخص نوح تھا۔ وہ سیت کی نسل سے مرد راست باز اور اپنے زمانہ کے لوگوں
میں بے عیب تھا۔ اس نے اپنے تینوں بیٹوں کو بھی یہ تعلیم دی کہ
وہ خدا کی تابعداری کریں۔ اب خدا نے نوح کو بہت ہی
عجیب اور خاص طریقے سے استعمال
کرنے کا منصوبہ بنایا۔



انسان کی اداسی کا آغا

خدا کے کلام بائبل میں یہ کہانی

موجود ہے

پیدائش 3-6

"تیری باتوں کی تشریح نور بخشتی ہے۔"
زبور 130:119

خدا جانتا ہے کہ ہم نے برے کام کیے جنہیں وہ گناہ کہتا ہے۔ گناہ کی سزا موت ہے۔

خدا ہم سے اتنی محبت کرتا ہے کے اس نے اپنے بیٹے یسوع کو بھیجا کہ صلیب
پر مرے اور ہماری سزا اٹھائے۔ یسوع پھر زندہ ہوا اور آسمان پر واپس گیا۔
اب وہ ہمارے گناہ معاف کر سکتا ہے۔

اگر آپ اپنے گناہوں سے توبہ کرنا چاہتے ہیں، خدا سے یہ کہیں:

پیارے خدا، میں ایمان رکھتا ہوں کہ یسوع میرے لیے مرا اور اب دوبارہ زندہ ہے۔ مہربانی سے میری زندگی میں آجا اور میرے گناہ معاف کر تاکہ اب میری نئی زندگی ہو سکے اور پھر ہمیشہ تیرے ساتھ رہ سکوں۔ میری مدد کر تاکہ تیرا بیٹا بن کر رہ سکوں۔ آمین۔ یوحنا 16:3

بائبل مقدس پڑھیں اور ہر روز خدا سے باتیں کریں۔